نعت رسول ﷺ

مفتی محمد کفایت اللہ دہلویؒ

یا خالق الارواح و الابدان　　یا منبت الازهار فی البستان

اے ارواح واجسام کو پیدا کرنے اور چمن میں پھولوں کو اگانے والے

یا مودع الالوان فی الریحان　　ومزین الافلاک بالشهبان

اے پھولوں کو مختلف رنگ عطا کرنے اور آسمانوں کو ستاروں سے سجانے والے

یا مرسل النشر اللواقح رحمة　　یا منزل الامطار بالهطلان

اے ہواؤں کو حاملِ رحمت بنا کر بھیجنے اور موسلا دھار بارشیں نازل کرنے والے

یاحاشر الاجساد من بعد البلی　　یا نافخ الارواح فی الجثمان

اے بوسیدہ اجسام کو از سرِ نو اٹھانے اور جسموں میں روح پھونکنے والے

حمدالک اللهم ربی بالغا　　اقصی المدی من قوة الانسان

اے اللہ، اے میرے پروردگار میں تیری حمد کی کوشش کرتا ہوں، قوت انسانی کے آخری حدود تک

حمداً کما انت اصطفیت لنفسک　　اسنی المحامد محکم الارکان

تمام تعریف تیرے ہی لئے ہے جیسا کہ تو نے اپنے لئے پسند کی ہے، تمام تعریفوں سے بلند و پائیدار

ثم الصلوة علی الذی قد جاء نا　　بشریعة غراء ذات امان

اس کے بعد درود وسلام ہے اس ذات پر جو ہمارے لئے ایک روشن اور امن بخشنے والی شریعت لے کر آئی

بیضاء صافیة نقی لونها　　عن وصمة التحریف و النقصان

ایسی منقح وروشن شریعت جو ہر طرح کی تحریف اور کمی بیشی سے پاک ہے۔

الهاشمی الابطحی محمد　　من حول الاعداء کالا خوان

محمد ہاشمی مکی ﷺ جس نے دشمنوں کے دل پھیر کران کو آپس میں بھائی بھائی بنادیا

الحامد المحمود احمدنا الذی　　نجی الوری من حفرة النیران

اللہ کی صحیح معنی میں ثنا کرنے والا اور خود قابلِ ستائش ہمارے احمد ﷺ جنہوں نے مخلوق کو جہنم سے نجات دلائی